# آج ماتم شاهِ اُمم هے

آج ماتم شاهِ اُمم هے　　آج تاريخ يارو نهم هے
کل تو عاشورا روزِ دَهَم هے　　آه حسينا کهو وا حسينا

کل تو يارو قيامة اوٹهيگي　　کل تو زهراء کي کهيتي لُوٹِيگي
کل محرم کي دسويں هوگي　　آه حسينا کهو وا حسينا

کل تو باغِ لوٹيگا نبي کا　　اور کل گهر جليگا علي کا
سر کٹيگا خدا کے ولي کا　　آه حسينا کهو وا حسينا

کل تو آسمان ٹوٹ پڑيگا　　کل تو غم ملکوت کريگا
بي بي زهراء کا پوت مريگا　　آه حسينا کهو وا حسينا

کل تو روينگے جن شهِ ديں کو　　کل تو زلزله هوگا زميں کو
کل توغم هوگا روح الاميں کو　　آه حسينا کهو وا حسينا

کل حسین پہ بھاري بلاء ہے　　خنجرِ شمر شہِ کا گلا ہے
کربلاء کربلاء کربلاء ہے　　آہ حسینا کہو وا حسینا

کل تو عبّاس زمیں پر گرینگے　　کل تو قاسم کے ٹکڑے کرینگے
کل تو اکبر علي بھي مرینگے　　آہ حسینا کہو وا حسینا

کل تو دولہے کي ہویگي شادي　　اُسکو دینگے مبارك بادي
آویگي اُسکي فاطمہ دادي　　آہ حسینا کہو وا حسینا

کل تو چھینیگے زینب کي چادر　　کل تو لوٹینگے دُلھن کے گوھر
اور چھینیگے سکینہ کے گوھر　　آہ حسینا کہو وا حسینا

کل کي کیا کہو یارو میں حالۃ　　اب زبان میں نہیں میري طاقۃ
صاف کہتا ہوں کل ہے قیامۃ　　آہ حسینا کہو وا حسینا

*****